SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

July 17, 2023

# ایس ای سی پی نے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور خواتین ڈائریکٹرز کے الیکشن کے ضوابط میں ترامیم متعارف کروادیں

اسلام آباد، 17 جولائی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کے لیے ڈائریکٹرز کے انتخاب کو آسان بنانے اور کمپنیوں کے بورڈز میں تنوع کو فروغ دینے کے لیے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں ترامیم متعارف کروادیں ہیں۔

ان ترامیم کا مقصد لسٹڈ کمپنیوں کو انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور خواتین ڈائریکٹرز کے انتخاب کی ریگولیٹری ضروریات کو پورا کرنے میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ نئی متعارف کرائی گئی اہم ترامیم میں متناسب بنیادوں پر ڈائریکٹرز کی کیٹیگری ووٹنگ شامل ہے۔ اس سے کارپوریٹ گورننس فریم ورک بھی مضبوط ہو گا۔

کیٹیگری ووٹنگ کے تحت، لسٹڈ کمپنیوں کے لیے تین مرحلوں میں ووٹنگ کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جس میں تینوں کیٹیگریز یعنی خواتین، آزاد اور دیگر ڈائریکٹرز کے لیے الگ الگ ووٹ ڈالے جائیں گے۔ علاوہ ازیں، ہر کیٹیگری کے ووٹوں کی تعداد الگ سے شمار کی جائے گی۔ خاتون ڈائریکٹر کے لیے ایک سیٹ مقرر کی جائے گی۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے لیے دو یا بورڈ کے ایک تہائی نمبر کے مطابق، جو بھی زیادہ ہو، سیٹیں مقرر کی جائیں گی۔ تاہم، خواتین اور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی کل تعداد میں کوئی پابندی نہیں ہو گی۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ بورڈ میں خصوصی مہارت لانے اور تنازعات کے آسان حل کو یقینی بنانے میں انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے کردار کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ مندرجہ بالا اصلاحات سے خواتین کی شمولیت کو بھی فروغ ملے گا۔ یہ ترامیم

لسٹڈ کمپنیوں میں کارپوریٹ گورننس کو مضبوط بنانے کے لیے ایس ای سی پی کے مربوط نقطہ نظر کا تسلسل ہے۔ ترامیم کی نوٹیفیکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

یہ اصلاحات کارپوریٹ گورننس کے فریم ورک کو مزید بہتر بنائیں گی اور ایک موثر اور شفاف طریقے سے آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کو یقینی بنا کر اقلیتی شئیر ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ میں بھی اہم کردار ادا کریں گی۔